**MILITARY LANDS & CANTONMENT BOARD NOWSHERA**
Email: cbn.1848@gmail.com
Tele: 0923-9220087 Fax: 0923-9220276

No.V-GA/154/629
Office of the Cantonment Board,
Nowshera the 25th Nov, 2024.

To

The Director Advertisement,
PPRA Islamabad.

Subject:- **NOWSHERA CANTT – ADVERTISEMENT FOR AUCTION OF CATTLE MANDI.**

Please arrange to publish the enclosed advertisement on your webpage and paid deposit slip on account of uploading advertisement fee in advance is attached herewith for your record purpose.

Cantonment Executive Officer
Nowshera Cantt

CamScanner

## کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ

## اشتہار نیلامی برائے حقوق وصولی منڈی مویشیاں فیس

ہر خاص و عام اور فرمز جو کہ خصوصا منڈی مویشیاں میں دلچسپی اور تجربہ رکھتے ہیں کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ اپنی اراضی واقع بائی پاس روڈ نوشہرہ کینٹ کا ٹھیکہ عرصہ ایک سال کیلئے (01.01.2025 تا 31.12.2025) مورخہ 16.12.2024 کو بوقت 11:00 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں نیلام عام کر رہا ہے۔ اگر بولی کسی وجہ سے نہ ہو سکی تو دوبارہ بولی 17.12.2024 کو بوقت 11:00 بجے دن، سہ بارہ بولی 18.12.2024 کو بوقت 11:00 بجے دن ہو گی۔

### شرائط نیلامی :-

1۔ خواہشمند بولی دہندگان کو بولی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ 10 لاکھ روپے زر بیعانہ کسی شیڈولڈ بینک سے کال ڈیپازٹ کی صورت میں بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ چھاؤنی ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی بولی والے دن کو بولی شروع ہونے سے پہلے جمع کروانا ہو گا۔

2۔ بولی میں حصہ لینے والے حضرات اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور (Income Tax Receipt / FBR– 2024-25) ہمراہ لائیں گے۔ جس کی فوٹو کاپی دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں کال ڈیپازٹ کے ساتھ جمع کروانا ہو گی۔

3۔ کسی بھی بولی دہندہ کی جانب سے بوگس کال ڈیپازٹ جمع کرنیکی صورت میں کینٹ بورڈ انتظامیہ متعلقہ بولی دہندہ کے خلاف تادیبی کاروائی کرے گی اور متعلقہ قوانین / فوجداری دفعات کے تحت دعویٰ جات دائر کئے جائینگے۔

4۔ اول اور دوئم کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ باقی تمام بولی دہندہ گان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائینگے۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ کل بولی کا 1/4 حصہ بشمول زر بیعانہ بطور ضمانت بولی کے اختتام پر فوراً دفتر ہذا میں جمع کروانا ہو گا جو کہ تا اختتام ٹھیکہ دفتر ہذا میں بطور سکیورٹی جمع رہے گا۔ سب سے زیادہ بولی دہندہ 1/4 حصہ موقع پر جمع نہیں کرواتا تو اسکا پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گا۔

6۔ بولی دہندہ جس کے ذمہ کینٹ بورڈ کے کسی قسم کے بقایاجات / واجبات ہونگے یا کسی بھی کنٹونمنٹ بورڈ نے اُسے بلیک لسٹ کیا ہو بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کسی دوسری پارٹی یا فرد کو منتقل (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔

8۔ منڈی مویشیاں کی مدت معاہدہ ٹھیکہ ایک (01) سال جس کا آغاز ٹھیکدار کو منڈی مویشیاں کی حوالگی کے دن سے ہو گا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ ماہوار قسط ہر ماہ کی 10 تاریخ تک جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

10۔ مزید براں ٹھیکہ کی بقایا رقم یکمشت بشکل مساوی ماہانہ اقساط عرصہ 9 ماہ کے پوسٹ Postdated چیک ایڈوانس میں جمع کرنے کا پابند ہو گا۔

11۔ کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ پالیسی کے مروجہ قوانین کے تحت بولی کی رقم کا انکم ٹیکس یکمشت ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

12۔ نیلامی PPRA رولز 2004 کے مطابق ہو گی۔

13۔ ٹھیکہ دار جانوروں کی فروختگی فیس مقرر کردہ شرح کے مطابق قیمت خرید پر 03٪ کے حساب سے فیس وصول کرنے کا پابند ہو گا۔ اس کے علاوہ ٹھیکہ دار 50 روپے چھوٹا جانور اور 100 روپے بڑا جانور انٹری فیس لینے کا حقدار ہو گا۔

14۔ منڈی مویشیاں ہفتہ میں دو دن منگل اور بدھ کو لگائی جائے گی۔ کسی بھی انتظامی وجہ سے کینٹ بورڈ مخصوص شدہ دن میں تبدیلی کا مجاز ہو گا۔

15۔ عید الاضحیٰ کے تہوار سے قبل ٹھیکہ دار درخواست دیگر اضافی ایام کی اجازت لینے کا پابند ہو گا اور منظوری کے بعد عید الاضحیٰ کے تہوار پر جانوروں کی خرید و فروخت کر سکے گا۔

16۔ بعد از حتمی منظوری مجاز اتھارٹی کامیاب بولی دہندہ اندریں 07 یوم کے کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ تحریری معاہدہ بابت منڈی مویشیاں کرنے کا پابند ہو گا۔ اور منظوری کی اطلاع محصول ہونے منڈی لگانے اور قبضہ لینے کا پابند ہو گا۔

CamScanner

17- موقع پر پانی، بجلی اور چارہ وغیرہ کی فراہمی ٹھیکہ دار کے ذمہ ہوگی۔ کینٹ بورڈ / کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وقتاً فوقتاً منڈی میں سہولیات کا جائزہ لے سکیں اور موقع پر ہی ٹھیکہ دار کو ہدایات جاری کریں جسکے بروئے کار لانا ٹھیکہ دار کی ذمہ داری ہوگی۔

18- گاڑیوں کی پارکنگ کینٹ بورڈ کے بنائے ہوئے پارکنگ ایریا میں ممکن ہوگی۔ منڈی میں صرف جانور چڑھانے اور اتارنے کے لیے گاڑی داخل ہو سکے گی۔

19- منڈی کے ایریا میں لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت نہ ہوگی مویشی لوڈنگ اور ان لوڈنگ کی ذمہ داری ٹھیکہ دار پر ہوگی۔

20- جانوروں کی خرید و فروخت صرف منڈی میں ہوگی اور اس کے علاوہ کسی شخص یا ادارے کو چھاؤنی حدود میں کسی اور مقام پر جانوروں کی خرید و فروخت کی اجازت نہ ہوگی نیز ٹھیکہ دار منڈی مویشیاں بھی منڈی کے علاوہ کسی اور جگہ سے وصولی کا مجاز نہ ہو گا۔

21- زیر دستخطی کو یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ کسی بھی بولی کو منظوری سے پہلے وجہ بتا کر PPRA رولز کے تحت مسترد کر دے۔

22- کسی تنازعہ کی صورت میں معاملہ برائے ثالثی ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹس پشاور کو بھجوایا جائے گا جس کا فیصلہ حتمی ہو گا اور بولی دہندہ کسی عدالت میں چیلنج کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔

23- کامیاب بولی دہندہ اپنے ٹھیکہ کے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہو گا اور ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ادارے سے NOC لے کر کینٹ بورڈ نوشہرہ میں جمع کرائیگا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں ٹھیکدار قانونی طور پر خود ادائیگی کا ذمہ دار ہو گا۔

24- کامیاب بولی دھندہ ٹھیکہ کی جگہ کو بہتر حالت میں رکھنے اور صفائی و ستھرائی کا خود ذمہ دار ہو گا۔ ناقص صفائی کی صورت حال اور دیگر حفظان صحت کی وصولوں کی عدم پیروی پر جرمانہ کیا جائے گا اور مسلسل حکم عدولی پر ٹھیکہ کینسل کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکہ دار پر عائد ہوگی اور کنٹونمنٹ بورڈ کی طرف سے نامزد جگہ پر تمام کچرا جمع کریگا اور منڈی کی صفائی ستھرائی کی مد میں ٹھیکہ دار کینٹ بورڈ کے (Conservancy Charges) بورڈ سے منظور شدہ ریٹس کے حساب سے دینے کا پابند ہو گا۔

25- ٹھیکہ دار کو منڈی مویشیاں میں کسی وجہ (ہڑتال)، Covid یا دیگر قدرتی اور دیگر آفات کی صورت میں نقصان ہوتا ہے تو کسی صورت میں کینٹ بورڈ سے رعایت کا مستحق نہ ہو گا اور نہ ہی دفتر کینٹ بورڈ کسی قسم کے نقصان و تاوان کا ذمہ دار نہ ہو گا۔

26- دیگر شرائط و ضوابط یا معلومات کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ کی ویب سائٹ http://nowshera.cantonment.gov.pk اور یہ نوٹس PPRA کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

27- نیلامی سے متعلق مزید معلومات دفتری اوقات کار کے دوران کینٹ بورڈ نوشہرہ کینٹ ریونیو برانچ سے حاصل کی جا سکتی ہیں اور نیلامی شروع کرنے سے پہلے ٹھیکہ کی جگہ، تمام شرائط ٹھیکہ اور طریقہ کار نیلامی وغیرہ واضح کیا جائیگا تا کہ بعد میں کوئی عذر نہ ہو۔

المشتہر

(signature)

کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ کینٹ

0923- 9220087

CamScanner